نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

14 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

508/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پانی صاف کرنے والے مزید امریکی ساز و سامان کی پاکستان آمد

اسلام آباد (14 ستمبر 2010ء) ___ سیلاب زدہ علاقوں کے متاثرین کیلئے پانی کو صاف کرنے والا مزید ساز و سامان اور متعلقہ اشیاء دو پروازوں کے ذریعہ گزشتہ ہفتے کے آخر میں امریکہ سے پاکستان پہنچیں۔

ان پروازوں کے ذریعہ، جن کا انتظام امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) نے کیا تھا، 10 لٹر حجم کے 19,200 کین، پانی ذخیرہ کرنے والے دو بڑے کنٹینرز، اور پانی کو صاف کرنے والی 15 ملین (ایک کروڑ پچاس لاکھ) سے زائد گولیاں لائی گئیں۔ پانی صاف کرنے والی یہ اشیاء 150 ملین (پندرہ کروڑ) لٹر پانی میں کلورین حل کرنے کیلئے کافی ہے۔

اس سے قبل یو ایس ایڈ پانی صاف کرنے والے 13 موبائل یونٹ، جن میں سے ہر ایک اتنا صاف پانی پیدا کر سکتا ہے جو 20,000 افراد کی ایک دن کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کافی ہے، 20,000 لٹر پانی ذخیرہ کرنے والے دس مشکیزے اور دس لٹر حجم والے دو لاکھ سے زائد کین فراہم کر چکا ہے۔

امریکہ پاکستان کے عوام کو ہنگامی انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 22 ارب 36 کروڑ 77 لاکھ روپے (261 ملین ڈالر) سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ نے حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پلوں اور دوسرے اقتصادی ڈھانچے کی صورت میں دیگر سویلین اور فوجی امداد کے ساتھ ساتھ پاکستان میں امداد لانے اور متاثرہ علاقوں میں پہنچانے اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی مد میں بھی تقریباً 3 ارب بیالیس کروڑ 80 لاکھ روپے (40 ملین ڈالر) مالیت کی اعانت فراہم کی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔